## سوال

زنا کی توبہ

## جواب

زنا سے توبہ اوراس کا طریقہ کارالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگرکسی شادی شدہ مسلمان مردسے زنا سرزد ہوجائے، توکیاایسے شخص کےلئے توبہ کی گنجائش موجود ہے، اگرہے توبرائے مہربانی توبہ کا طریقہ کاربھی بتادیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زنا ایک انتہائی قبیح ترین گناہ ہے، اورکسی بھی مسلمان کی شان کے لائق نہیں ہے کہ وہ اس میں بتلاہو۔ لیکن اللہ تعالی بہت ہی غفورالرحیم اوربخشنے والے ہیں۔ اگرکوئی بندہ اخلاص کے ساتھ توبہ کرتا ہے تواللہ تعالی اس کی توبہ کوضرورقبول کرتے ہیں، اوراس سے بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ توبہ کا طریقہ یہ ہے کہ آپ دورکعت نمازاداکریں اوراللہ سے روروکراپنے گناہ کی معافی مانگیں اور ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے یہ وعدہ کریں کہ آپ دوبارہ یہ گناہ نہیں کریں۔ اللہ تعالی آپ کی سوچ کوپاکیزہ بنائے اورآپ کے اس گناہ کومعاف فرمائے۔ آمین ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث